QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 167

کوئٹہ: 08 جنوری 2026ء۔۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان کی ہدایات پر صوبہ کے مختلف علاقوں میں 132Kv ٹرانسمیشن لائنز، گرڈ اسٹیشنوں کی توسیع وتجدید، 11kv ڈسٹری بیوشن لائنوں کی اپ گریڈیشن اور فیڈروں کی ری کنڈکٹرنگ (نئے تاروں کی تنصیب) کے کئی منصوبوں پر کام مکمل کئے جا چکے ہیں۔صوبے میں موجود 132Kv کے مختلف گرڈ اسٹیشنوں میں نصب پاور ٹرانسفارمرز کی استعداد کار بڑھانے کے منصوبے بھی مکمل کر لئے گئے ہیں جن میں 132KV مری آباد، ڈیرہ بگٹی، تربت، نوشکی، ہوشاب، اوستہ محمد اور ژوب گرڈ اسٹیشن شامل ہیں اور ان مذکورہ گرڈ اسٹیشنز میں دوگنی استعداد کار والے ٹرانسفارمرز کی تنصیب کا عمل مکمل ہونے کے بعد اب مستحکم وولٹیج کے ساتھ بجلی کی فراہمی ممکن ہوگئی ہے۔اسکے علاوہ صوبہ کے مختلف علاقوں میں نئے 11Kv فیڈروں کی تنصیب اور فیڈرز کی انٹرلنکنگ کے منصوبوں پر بھی کام مکمل کرلیا گیا ہے۔جن میں مسلم باغ گرڈ اسٹیشن کے 3 فیڈروں کو انٹرلنک وشفٹنگ کر کے اُنھیں 132Kv کان مہترزئی گرڈ اسٹیشن سے منسلک کر دیا گیا نیز 11kv اصغری فیڈر کو 33kv سب سٹیشن سے شفٹ کر کے 132Kv سنجاوی گرڈ اسٹیشن کے ساتھ منسلک کر دیا گیا جبکہ نئے تعمیر ہونے والے کپوتو گرڈ اسٹیشن سے بھی 2 فیڈروں کی انٹرلنکنگ کے ساتھ ساتھ واشک پاور ہاؤس کے 11kv فیڈر کو بھی شفٹ کر کے نئے تعمیر شدہ 132kv واشک گرڈ اسٹیشن کے ساتھ انٹرلنک کرنے کا منصوبہ بھی ترقیاتی کاموں میں شامل ہیں۔کوئٹہ شہر میں مختلف 11kv فیڈروں کی اپ گریڈیشن پر کام کرتے ہوئے گرڈ اسٹیشنوں میں تقریباً 18 فیڈروں پر کپیسٹر بینک بھی نصب کئے گئے ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ کوئٹہ شہر کے مختلف اوور لوڈ فیڈروں کی بائی فرکیشن کر کے نئے 11kv فیڈر تعمیر کرنے اور شہر کے مختلف علاقوں کے فیڈروں کی ری کنڈکٹرنگ (نئے تاروں کی تنصیب) کرنے کا کام بھی مکمل کرلیا گیا ہے۔اسی طرح گوادر میں بجلی کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے کیسکو نے ELR پروگرام اور DOP ڈپازٹ کے تحت ترقیاتی منصوبوں پر کام مکمل کئے ہیں جن میں گوادر اور پسنی شہر میں 11kv کے 7 فیڈروں کی ری کنڈکٹرنگ (نئے تاروں کی دوبارہ تنصیب) کا کام مکمل کرلیا ہے جن میں 11kv گوادر جی ڈی اے، گوادر سٹی، کوسٹ گارڈ، پسنی ون، پسنی ٹو، اور ماڑہ سٹی اور میر لعل بخش فیڈرز شامل ہیں۔اسکے علاوہ فیڈروں کی ری کنڈکٹرنگ کے دوران مختلف علاقوں میں مزید 319 نئے ایچ ٹی کھمبے بھی نصب کر دیئے گئے ہیں اور ان منصوبوں کی تکمیل کے بعد سے ڈسٹری بیوشن لائنوں پر نصب ٹرانسفارمروں سے اضافی لوڈ بھی ختم ہوگئی ہے جس کے نتیجے میں وولٹیج کی بہتری کی صورت میں نمایاں پیش رفت سامنے آگئی ہے۔ کیسکو نے ان تمام منصوبوں پر کام اپنے ذاتی ترقیاتی فنڈز سے مکمل کرلیا ہے جن پر کروڑوں روپے تخمینہ لاگت آئی ہے۔